SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
December 10, 2016

# لسٹڈ کمپنیاں اپنے سہ ماہی مالیاتی گوشوارے ایس ای سی پی کے مخصوص ای میل پر بھیجنے کی پابند

اسلام آباد، ۱۰ دسمبر: کمپنیز آرڈی نینس 2016 کے تحت لسٹڈ کمپنیوں کو سہولیات فراہم کرنے اور کاروباری اخراجات میں کمی لانے کے لئے کمپنیاں اپنے سہ ماہی گوشوارے شیئر ہولڈرز کو فرداً فرداً بھجوانے کے بجائے اپنی ویب سائٹس پر لگانے کے ساتھ ساتھ ای میل کے ذریعے ارسال کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

آئندہ سے سہ ماہی مالیاتی گوشوارے پی ڈی ایف اور ایم ایس ورڈ یا ایکسل میں ایس ای سی پی کو درج ذیل ای میل پتہ financial.statements@secp.gov.pk پر موصول کروائے جائیں گے۔

اسی طرح لسٹڈ کمپنیوں کے سالانہ گوشواروں کی ایک نقل بھی ایس ای سی پی کو اسی ای میل پتہ پر بھجوائی جائے گی۔ آرڈیننس کے تحت ایس ای سی پی کو ان گوشواروں کی تین تین کاغذی نقول بھجوانا بھی ضروری ہے۔

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا فروغ کمپنیز آرڈیننس 2016 کا اہم جزو ہے۔ اسی کے پیش نظر لسٹڈ کمپنیوں کو مالیاتی گوشواروں کی برقیاتی ترسیل کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس مقصد کے لئے بنایا گیا ایس ای سی پی کا مخصوص ای میل پتہ تمام متعلقہ لوگوں کو بذریعہ مراسلہ نمبر 39/2016 بھجوایا جا چکا ہے۔ یہ مراسلہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی لگا دیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254